SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

**Press Release**
**March 13, 2017**
***For immediate release***

ایس ای سی پی نے تیس کروڑ کا نیا مضاربہ جاری کرنے کی منظوری دے دی

اسلام آباد ( 13 مارچ) سکیورٹیز اینڈ ایکس چینج کمیشن آف پاکستان نے حبیب میٹروپولیٹن مضاربہ مینجمنٹ کمپنی، جو کہ حبیب میٹروپولیٹن بینک کی ذیلی کمپنی ہے، کو حبیب میٹرو مضاربہ کے نام سے تیس کروڑ روپے کا نیا مضاربہ جاری کرنے کی منظوری دے دی ہے۔

حبیب میٹروپولیٹن مضاربہ مینجمنٹ کمپنی اس وقت فرسٹ حبیب مضاربہ کی مینجمنٹ کر رہی ہے جو کہ سٹاک ایکس چینج میں لسٹڈ بھی ہے۔اس کمپنی کی مینجمنٹ میں یہ نیا مضاربہ مالی خدمات فراہم کرنے والا مضاربہ ہو گا جو کہ انفرادی اور کارپوریٹ صارفین کو گاڑیوں کے حصول اور خریداری کے لئے سہولت فراہم کرے گا۔اس کے علاوہ یہ مضاربہ صارفین کو اجارا ماڈل کے تحت سولر پاور سسٹم، جنریٹرز، تعمیراتی مشینری، کمرشل اور زرعی مشینری کے لئے بھی فنانس فراہم کرے گا۔

حبیب میٹرو مضاربہ کے تحت فنانسنگ کی خدمات فراہم کرنے کے لئے ابتدائی طور پر کمپنی کی جانب سے تیس کروڑ روپے مختص کئے گئے ہیں جن میں سے نو کروڑ روپے کے مضاربہ سرٹیفیکیٹ حبیب میٹروپولیٹن مضاربہ مینجمنٹ کمپنی اور حبیب میٹروپلیٹن بینک کو فروخت کر دئے جائیں گے جبکہ بقایا بیس کروڑ روپے کے مضاربہ سرٹیفیکیٹ عوام کو فروخت کے لئے پیش کئے جائیں گے۔ مضاربہ کے یہ سرٹیفیکیٹ سٹاک ایکس چینج میں بھی لسٹ کئے جائیں گے۔

اس سے پہلے، مضاربہ کمپنی اینڈ مجاربہ آرڈیننس 1980 کی دفعہ 10 کے مطابق مضاربہ کا مذہبی بورڈ اپنے 21فروری کے اجلاس میں تصدیقی سرٹیفیکیٹ جاری کر چکا ہے کہ کمپنی کی جانب سے جمع کروائے جانے واے سرٹیفیکیٹ کے مطابق اس مضاربہ کا کاروبار شریعت کی اصولوں کے عین مطابق ہے۔
حبیب میٹرو مضاربہ مضاربہ کے شعبے میں ایک اہم اضافہ ہے۔ توقع ہے کہ یہ عوام کو اسلامی اصولوں کے مطابق سرمایہ کاری کی طرف راغب کرنے میں اہم کردار ادا کرے گا۔